© rasailojaraid.com

النبی الخاتم از مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، تقطیع متوسط، ضخامت ۹۲ صفحات، ٹائپ جلی اور روشن، قیمت درج نہیں، پتہ: مجلس تحقیقات ونشریات اسلام، لکھنؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا مسئلہ اس درجہ واضح اور بدیہی ہے کہ اس کے بغیر اسلام کا تصور ممکن ہی نہیں ہے۔ مگر کیا کیا جائے قادیانی تحریک نے اس کو بھی نظری بنا دیا۔ چنانچہ علمائے دیوبند کی طرف سے اس موضوع پر متعدد اور محققانہ کتابیں شائع ہو چکی ہیں، ابھی حال میں پھر یہ فتنہ بڑے زور شور سے اٹھا تھا۔ اس کے جواب میں یہ کتاب لکھی گئی ہے، اور اس میں مولانا نے حسب معمول کتاب وسنت کے علاوہ تاریخ مذاہب اور فلسفۂ اجتماع کی روشنی میں دلائل قاطعہ سے ختم نبوت کی واقعیت کو ثابت کیا ہے، اس میں شک نہیں کہ استدلال کا یہ رخ تشنہ رہ گیا تھا۔ مولانا نے اس کی تکمیل کر دی، علامہ اقبال نے اپنے لکچروں میں اس موضوع پر جو کچھ لکھا ہے اُس کے ساتھ اگر اس کتاب کو بھی پڑھ لیا جائے تو عقلی حیثیت سے بھی یہ مسئلہ بالکل صاف ہو جاتا ہے اور اس میں کوئی غل وغش باقی نہیں رہتا۔ یہ کتاب عربی میں ہے اس کا اردو اور انگریزی ترجمہ غالباً جلد شائع ہوگا یا شاید ہو بھی گیا ہو!!

قرآن اور تصوف

مولفہ جناب ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب ایم اے

تصوف اور اس کی تعلیم کا اصل مقصد عبدیت اور الوہیت کے مقامات کا تعلق اور ان کے ربط وتعلق کا حصول ہے اور یہ ظاہر ہے کہ یہ مسئلہ مختلف قسم کی زلتوں کا سرچشمہ بن کر رہ گیا ہے۔ مولف نے کتاب وسنت کی روشنی میں تمام الجھنوں اور نزاکتوں کو نہایت دلنشیں اور عالمانہ پیرایہ میں واضح کیا ہے۔ قیمت -/5 مجلد -/7

ندوۃ المصنفین، اردو بازار، جامع مسجد دہلی ۶

© rasailojaraid.com